پریس ریلیز

شیل پاکستان نے 2020 کی پہلی سہ ماہی کے لیے مالی نتائج کا اعلان کردیا

کراچی، 20 مئی، 2020: شیل پاکستان لمیٹڈ ('ایس پی ایل') کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے سنہ 2020ء کی پہلی سہ ماہی کے لیے مالی نتائج کا اعلان کردیا ہے۔ نتائج کا اعلان 20 مئی 2020ء کو بورڈ کے اجلاس میں کیا گیا جس کے مطابق کمپنی کو 4,332 ملین روپے کا بعد از ٹیکس نقصان اٹھانا پڑا ہے جو گزشتہ سال کے دوران، اسی عرصے میں کمپنی کو 257 ملین روپے کا منافع ہوا تھا۔

اس سہ ماہی کے دوران کورونا وائرس کی وباء نے، جس کی پہلے کوئی مثال نہیں ملتی ہے، غیر معمولی طور پر متاثر کیا ہے۔ اس وباء کے نتیجے میں عالمی معیشت تنزلی کا شکار ہوئی اور اس کا نتیجہ خام تیل کی قیمتوں میں تیزی سے کمی کی صورت میں برآمد ہوا جو جنوری 2020ء میں 66 امریکی ڈالرز فی بیرل تھی لیکن مارچ 2020ء میں کم ہو کر صرف 22 امریکی ڈالرز فی بیرل ہوگئی اور اس طرح 60 فیصد سے بھی زیادہ کی کمی واقع ہوئی۔ تیل کی قیمتوں میں اس
غیر معمولی کمی کی بنیادی وجہ عالمی مارکیٹ میں تیل کی طلب میں کمی تھی۔ تیل کی صنعت نے قیمتوں میں اس اتار چڑھاؤ کے اثرات کو محسوس کیا جس سے شیل پاکستان لمیٹڈ کی مالی کارکردگی بھی متاثر ہوئی۔

قانونی تقاضوں کی تعمیل میں شیل پاکستان نے تیل کا مناسب ذخیرہ برقرار رکھا۔ تیل کی قیمتوں میں تیزی سے اس کمی کا نتیجہ، سنہ 2020ء کی پہلی سہ ماہی کے دوران، انونٹری میں غیر معمولی طور پر زیادہ نقصان کی صورت میں ظاہر ہوا جس کے نمایاں اثرات مالی کارکردگی پر ظاہر ہوئے۔

تیل کی صنعت نے پاکستان میں بھی اس تنزلی کے اثرات محسوس کیے جس کی وجہ ملک بھر میں تالا بندی کے اقدامات تھے جس کے تحت حکومت نے ملک بھر میں غیر ضروری کاروباری اداروں، فیکٹریوں اور عوامی ٹرانسپورٹ سمیت سب سرگرمیوں کو ختم کردیا۔ اس کے نتیجے میں، پاکستان میں آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کو تیل کی کھپت میں کمی کا تجربہ اٹھانا پڑا کیوں کہ پاکستان کے موٹر گیسولین کا حجم میں، گزشتہ سال کے مقابلے میں، 10 فیصد کمی واقع ہوئی جبکہ ہائی اسپیڈ ڈیزیل کے حجم میں 29 فیصد کمی واقع ہوئی۔ مصنوعات کے حجم میں اس تنزلی نے شیل پاکستان لمیٹڈ کو بھی متاثر کیا جس کا مالی کارکردگی پر نمایاں اثر ہوا۔

امریکی ڈالرز کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قدر میں بھی 7 فیصد کمی واقع ہوئی اور اس کے اثرات کمپنی کے مجموعی مالی نتائج پر محسوس کیے گئے۔

شیل پاکستان لمیٹڈ اپنے قابل اعتبار، مسابقتی اور باکفایت کاروباری منصوبوں پر عمل درآمد جاری رکھے گی تاکہ اعلیٰ معیار کی کاروباری کارکردگی کا مظاہرہ کرسکے اور پاکستان سے تعلق رکھنے والے توانائی کے مستقبل کی ترقی میں اہم کردار ادا کرے گی۔